خبروں کا اعلامیہ

البرٹا کے لوگوں سے سماجی علوم کے نئے نصاب کے بارے میں بات کرنا

18 ستمبر، 2023 میڈیا انکوائریز(Media inquiries)

البرٹا کی حکومت کنڈرگارٹن سے گریڈ 6 (K-6) کے سماجی علوم کے نصاب کو دوبارہ ترتیب دینے میں البرٹنز اور تعلیمی شراکت داروں کو شامل کرنے کے لیے ایک شفاف اور باہمی تعاون پر مبنی عمل شروع کر رہی ہے۔

پچھلے دو سالوں میں البرٹنز کے فراہم کردہ قیمتی تاثرات (فیڈبیک) کو استعمال کرتے ہوئے، البرٹا ایجوکیشن (Alberta Education) کنڈرگارٹن سےگریڈ 6 (K-6) کے سماجی علوم کے نصاب کو دوبارہ ترتیب دے رہا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ مواد طلباء کی تنقیدی سوچ اور مواصلات کی مہارتوں کو تیار کرتا ہے، سودیشی (انڈیجنس)، کثیر الثقافتی اور فرانکوفون کے نقطہ نظر کو ابھارتا ہے اور عمر اور ترقی کے لحاظ سے مناسب ہے۔ دوبارہ ترتیب دینے کے عمل سے مطلع کرنے کے لیے، وزارت البرٹنز اور تعلیمی شراکت داروں کے ساتھ ایک جامع اور مرحلہ وار طریقہ کار کے ذریعے شامل ہو رہی ہے۔

"سماجی علوم (سوشل اسٹڈیز) البرٹا کے کنڈرگارٹن سےگریڈ 12 (K-12) کےنصاب کا ایک اہم جزو ہے، یہی وجہ ہے کہ مجھے البرٹانزکے ساتھ شمولیت کے لیے ایک نئے منصوبے کا اعلان کرنے پر فخر ہے۔ تعلیم کے وزیر کی حیثیت سے، میں ایک ایسے سماجی علوم کے نصاب کا تصور کرتا ہوں جو، خیالات کو بیان کرنے اور دنیا کے متنوع نظریات کو سمجھنے کی صلاحیت کو فروغ دیتے ہوئے طالب علموں کو زندگی کی اہم مہارتیں، جیسے کہ مسائل کو حل کرنے اور تنقیدی سوچ کو فروغ دینے کے لیے بااختیار بنائے گا۔ مجھے یقین ہے کہ اساتذہ، والدین، سودیشی (انڈیجنس)، میٹس (Métis)، کثیر الثقافتی اور فرانکوفون رہنماؤں، مضامین کے ماہرین، اسکول بورڈز اور دیگر کے ساتھ شمولیت کا یہ عمل ایک جامع نصاب تیار کرے گا جو ہمارے طلباء کو زندگی بھرکی کامیابی کے لیے تیار کرے گا۔"

ڈیمیٹریوس نیکولائڈز، منسٹرآف ایجوکیشن *(Demetrios Nicolaides, Minister of Education)*

اس موسم گرما کے شروع میں، وزیر تعلیم نے مختلف تعلیمی شراکت داروں سے ملاقات کی تاکہ نصاب کی ترقی کے لیے نئے شمولیت کے طریقہ کار اورعمل کو سمجھ سکیں۔

البرٹا ایجوکیشن (Alberta Education) شمولیت کے اگلے مرحلے کا آغاز کر رہی ہے اور ایک آن لائن سروے اورگفتگو کا گائیڈ (ڈسکشن گائیڈ) کے ذریعے، جو 16 اکتوبر تک دستیاب ہوگا ، یہ معلومات اکٹھی کرے گی کہ طلباء سماجی علوم (سوشل اسٹڈیز) کے نصاب میں کیا سیکھیں، اس بارے میں البرٹنز کیا چاہیں گے۔

اس موسم خزاں میں، کنڈرگارٹن سےگریڈ 12 (K-12) کے سماجی علوم (سوشل اسٹڈیز) کے نصاب کے دائرہ کار اور ترتیب کی ترقی اور کنڈرگارٹن سےگریڈ 6 (K-6) کے سماجی علوم (سوشل اسٹڈیز) کے نصاب کے مسودے کے مواد کو مطلع کرنے کی مقصد سے، البرٹا ایجوکیشن (Alberta Education) تعلیمی شراکت داروں، اساتذہ، کثیر الثقافتی تنظیموں، سودیشی (انڈیجنس) اور فرانکوفون کمیونٹیز، اوردیگر تعلیمی ماہرین سے ملاقات کرے گی۔ نصاب کا دائرہ اور ترتیب نصاب تیار کرنے والوں کے لیے ایک منصوبہ بندی کا ٹول ہے جو کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک طالب علم کے سیکھنے کے توجہ مرکوز کا خاکہ پیش کرتا ہے اور نصاب کے مواد کی ترقی سے آگاہ کرتا ہے۔

2024 کے شروع میں، البرٹا ایجوکیشن (Alberta Education) البرٹنز کے ساتھ عوامی شمولیت کا آغاز کرے گی، جہاں انہیں کنڈرگارٹن سےگریڈ 12 (K-12) کے سماجی علوم کے نصاب کے اندرکلیدی تعلیم کے بارے میں تاثرات فراہم کرنے اوراضافی تاثرات (فیڈبیک) فراہم کرنے کے لیے کنڈرگارٹن سےگریڈ 6 (K-6) کےسماجی علوم کے نصاب کا مسودہ دیکھنے کا موقع ملے گا۔ -

2024-25 تعلیمی سال کے دوران، اساتذہ کلاس رومز میں کنڈرگارٹن سےگریڈ 6(K-6) کے سماجی علوم کے نصاب کے مسودے کو بہتر بنانے کی پیش قدمی، اورشمولیت کے آخری مرحلے کے حصے کے طور پر مزید تاثرات (فیڈبیک) فراہم کرنے کے قابل ہوں گے۔

شمولیت کے عمل کے مختلف مراحل میں تعلیمی شراکت داروں اور البرٹنز کے ساتھ تعاون اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ان کے علم اور نقطہ نظر پر صحیح وقت پر غور کیا جائے۔ یہ ہدف شدہ طریق کارحکومت کو مختلف اسٹیک ہولڈرز سے سننے اور نصاب کی ترقی اور نفاذ کے لیے ان کی مہارت سے فائدہ اٹھانے کی اجازت دے گا۔

فوری حقائق

- سماجی علوم (سوشل اسٹڈیز) ایک بین الضابطہ مضمون ہے جس میں تاریخ، جغرافیہ، معاشیات، حکومت اور شہریات کے بارے میں مواد شامل ہوتا ہے۔ سماجی علوم (سوشل اسٹڈیز) کی تعلیم فعال، باخبر اور ذمہ دار شہری بنا سکتی ہے جو اپنی کمیونٹیز میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں اور اپنے حقوق، ذمہ داریوں اور فیصلہ سازی کے بارے میں جانتے ہیں۔

متعلقہ معلومات

کنڈرگارٹن سے گریڈ 6(K-6) کے نصاب کی تجدید (K to 6 curriculum renewal)